Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر مطبوعہ روز شنبہ تاریخ یکم جمادی الثانی ۱۳۵۴ھ مطابق ۳۱ اگست ۱۹۳۵ء جلد ۴۳

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	منظوری رخصت صاحب چیف جسٹس بہادر معہ انتظام کار	۲	(۲)	اجازت انجام دہی کار اسپیشل مجسٹریٹ بہ مولوی سید فصیح الدین صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ	[illegible]

آرڈرز آف اسٹیٹ کونسل رامپور

(۳)	منظوری رخصت سید محمد اسرائیل صاحب (تحویلدار کتب خانہ)	۳	(۴)	توسیع ملازمت مسٹر حامد حسین صاحب جعفری فارسٹ آفیسر	۳
			(۵)	رخصت منشی نیاض علیخاں صاحب (اسپیشل مجسٹریٹ)	۴

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان عالی دام ظلہم و اقبالہم و ملکہم

روبکار:- (مسودہ) واقع ۲۷ راگست ۱۹۳۵ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔

صاحب چیف جسٹس بہادر بوجہ علالت ایک ماہ کی رخصت رعایتی کے خواستگار ہیں۔ رخصت کا حق ہے۔ صاحب چیف منسٹر بہادر نے منظوری رخصت کی سفارش کی ہے۔ لہذا صاحب چیف جسٹس بہادر کی رخصت رعایتی ایک ماہ یوم استفادہ سے منظور ہے۔ مقدمات سیشن کا انتظام ہوچکا ہے۔ باقی امور انتظامی عدالت ہائے ماتحت و رجسٹری ونگرانی کا کام جسٹس مولوی محمود شاہ خاں صاحب بہادر علاوہ خدمات متعلقہ انجام دیں گے۔

حکم ہوا کہ

روبکار مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

حسب منشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدارت احکام ضابطہ جاری ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۲۹ راگست ۱۹۳۵ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- (مسودہ) واقع ۲۹ راگست ۱۹۳۵ء

بموجب رپورٹ زمانہ رخصت منشی نیاض علیخاں اسپشل مجسٹریٹ میں مولوی فقیہ الدین منصف مجسٹریٹ کو کار اسپشل مجسٹریٹ انجام دینے کی منظوری دیجاتی ہے۔ کاغذ برائے کارروائی اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

عرض | جناب عالی! | مدعا

منشی نیاض علی خاں اسپشل مجسٹریٹ کی رخصت رعایتی ایک ماہ ۲۷ جولائی ۱۹۳۵ء سے منظور ہوئی تھی۔ جو ۲۶ راگست ۱۹۳۵ء کو ختم ہوگئی۔ حسب الحکم ہمایوں ان کے بجائے مولوی فقیہ الدین صاحب اسپشل مجسٹریٹ کا کام انجام دے رہے ہیں۔ منشی نیاض علیخاں اسی سلسلہ میں اپنی دختر و اہلیہ کی سخت علالت کے باعث جن کو بہائے علاج پہاڑ پر گئے ہیں۔ اکیس یوم کی مزید رخصت رعایتی کے خواستگار ہیں۔ اکاؤنٹنٹ آفس کی رپورٹ سے استحقاق رخصت ثابت ہونے کے باعث رخصت مطلوبہ از ۲۷ راگست ۱۹۳۵ء تا ۱۶ ستمبر ۱۹۳۵ء منظور کرلی گئی ہے تنخواہ متعلق ہے کہ زمانہ رخصت میں مولوی فقیہ الدین صاحب کو بدستور کار اسپشل مجسٹریٹی انجام دینے کی منظوری کا حکم بارگاہ معلی سے شرف نفاذ پائے زیادہ حد ادب دولت اقبال جاوید باد فقط تنخواہ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر معروضہ ۲۹ راگست ۱۹۳۵ء

حسب منشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدارت احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو ۲۹ راگست ۱۹۳۵ء — دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

آرڈرز ان اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈران اسٹیٹ کونسل:- ۳۰ر اگست ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۱۹ر اگست ۱۹۳۵ء میں کاغذات رخصت رعایتی ایک ماہ محمد شفیع اسسٹنٹ تحویلدار کتب خانہ بصورت خاص بوجہ عدم استحقاق رخصت رعایتی پیش ہو کر طے پایا کہ:-

بوجہ ملازمت دیرینہ ایک ماہ کی رعایتی رخصت برائے تیمارداری پسر یوم استفادہ سے بصورت خاص منظور کی جاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

(دستخط صاحب ایکٹنگ سکریٹری اسٹیٹ کونسل)

آرڈران اسٹیٹ کونسل:- ۳۰ر اگست ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۲۹ر اگست ۱۹۳۵ء میں تجویز صاحب ریونیو منسٹر بہادر متعلق توسیع مدت ملازمت مسٹر حامد حسین جعفری فارسٹ آفیسر برائے ایکسال از یکم نومبر ۱۹۳۵ء تا ۳۱ر اکتوبر ۱۹۳۶ء پیش ہو کر طے پایا کہ:-

مسٹر حامد حسین جعفری فارسٹ آفیسر کی مدت ملازمت ریاست میں ایک سال کی توسیع یکم نومبر ۱۹۳۵ء سے ۳۱ر اکتوبر ۱۹۳۶ء تک بشرائط سابقہ منظور کیجاتی ہے۔

صاحب چیف منسٹر بہادر اس بارہ میں گورنمنٹ سے مراسلت کرکے طے کرلیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے بعد اجرائے احکام اصل کاغذات برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کی خدمت میں بھیجے جائیں۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

(دستخط صاحب ایکٹنگ سکریٹری اسٹیٹ کونسل)

حکم اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

حکم:-

۲۲ر اگست ۱۹۳۵ء

منشی فیاض علیخاں صاحب اسپیشل مجسٹریٹ کی رخصت
رعایتی ایکماہ آج ۲۲ر اگست ۱۹۳۵ء کو ختم ہوگی اسی سلسلہ
میں اب اکیس(۲۱) یوم کی مزید رعایتی رخصت من ابتدائے
۲۳ر اگست ۱۹۳۵ء لغایتہ ۱۲ر ستمبر ۱۹۳۵ء بوجہ تیمارداری
دختر و اہلیہ خود بمقام نینی تال چاہتے ہیں۔ اکاؤنٹ آفس کی
رپورٹ ہے کہ اکیس(۲۱) یوم کا استحقاق رخصت یوم ملازمت سے
حاصل ہے لیکن سابقہ رخصت کو چند ماہ نہ گذرنے کے باعث
رخصت بصورت خاص منظور ہوسکتی ہے۔ لہذا رخصت
مطلوبہ بصورت خاص منظور کیجاتی ہے۔ بابت منظوری انتظام
سابق پیشگاہ معلی میں جداگانہ عرضداشت پیش کیجائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج
گزٹ ہو۔ اصل کاغذات بعد اجراء اسٹیٹ کونسل
میں پیش ہوں۔

(دستخط صاحب [illegible])